# 84028 ـ دوسرے شہر کی یونیورسٹی میں پڑھنے جاتے ہیں تو کیا وہاں نماز قصر کریں گے؟

**سوال**

ہم یونیورسٹی ہاسٹل میں رہائش پذیر ہیں اور اپنے گھروں میں ایک یا دو ہفتے بعد جاتے ہیں، تو کیا ہم مسافروں کی طرح نمازیں قصر کریں گے؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اول:

جب آپ اپنے شہر میں ہوں یا یونیورسٹی سے چھٹی آئے ہوئے ہوں تو پھر آپ یہاں پر اپنی نمازیں مکمل پڑھیں گے؛ کیونکہ آپ کا اصلی علاقہ یہی ہے۔

دوم:

اگر آپ کے شہر اور یونیورسٹی کے درمیان قصر مسافت جتنا فاصلہ ہے جو کہ تقریباً 80 کلومیٹر بنتا ہے، تو آپ یونیورسٹی جاتے ہوئے دوران سفر نمازیں قصر کریں گے۔

سوم:

جب آپ اس شہر میں پہنچ جائیں جہاں یونیورسٹی ہے ، اور وہاں آپ چار دن سے زیادہ قیام کی نیت کر لیں تو پھر جیسے ہی شہر میں پہنچیں گے نمازیں پوری پڑھیں گے۔

اور اگر آپ اس شہر میں چار یا اس سے کم دن ٹھہرنے کی نیت کریں یا آپ کو ٹھہرنے کی مدت میں تردد ہو تو پھر آپ مسافر کے حکم میں ہیں، آپ اپنی چار رکعت والی نمازیں ـ ظہر، عصر اور عشاـ دو ، دو رکعت کر کے ادا کریں گے۔ الا کہ آپ کسی مقیم امام کے پیچھے نماز ادا کریں تو ان کے ساتھ پوری نماز ادا کریں گے، اور آپ پر نماز با جماعت ادا کرنا لازم ہو گا۔

اس بارے میں مزید کے لیے آپ سوال نمبر: (38079) اور (21091) کا جواب ملاحظہ کریں۔

والله اعلم